الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان
دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name	:	**naveed fida**	Serial No :	**14481**
Address	:	**chakwal**	Date :	**1/21/2012**
Subject	:	**TOHEED**	Contact No:	
Writer	:	ظہیر	Email :	

assalam-o-alaikum. quran aur sunnat kee nazar maen hum waldain k ilawa kisi bhee shakhs ko kis had tk taazeem de sakty haen? kia hum us k qadmon maen gir k us k qadmon ko choom sakty haen?

السلام علیکم! قرآن اور سنت کی نظر میں ہم والدین کے علاوہ کسی بھی شخص کو کس حد تک تعظیم دے سکتے ہیں؟ کیا ہم اس کے قدموں میں گر کر اس کے قدموں کو چوم سکتے ہیں؟

الجواب حامداً ومصلیاً

والدین کے علاوہ عالم صالح، سلطان عادل اور صاحبِ شرفِ دینی کی قدم بوسی بغرض تعظیم وتکریم جائز ہے۔ البتہ کسی کے قدموں میں گرنے اور اس کے سامنے جھکنے میں یہ تفصیل ہے کہ اگر یہ جھکنا اور گرنا ہی مقصود ہو تو یہ قطعاً ناجائز ہے اور اگر چومنے کی غرض سے بضرورت ایسا ہو جائے تو یہ اس کے تابع ہو کر اگرچہ جائز ہے مگر اس کو عادت بنا لینا مفاسد سے خالی نہیں۔ اس لیے فقہاء کے معروف ومشہور ضابطہ کے مطابق جب کسی مستحب کام میں کوئی منکرِ شرعی شامل ہو جائے تو اس مستحب کو بھی چھوڑنا واجب ہو جاتا ہے۔ لہٰذا اس سے احتراز ہی کیا جائے تو بہتر ہے۔

کما فی الدر المختار: طلب من عالم او زاهد ان يرفع اليه قدمه ويمكنه من قدمه ليقبله أجابه وقيل لا يرخص فيه وفي الشامية: (قوله اجابه) لما اخرجه الحاكم ان رجلا اتى النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله ارني شيئا ازداد به يقينا فقال اذهب الى تلك الشجرة فادعها فذهب اليها فقال ان رسول الله صلى الله عليه وسلم يدعوك فجاءت حتى سلمت على النبي صلى الله عليه وسلم فقال لها ارجعي فرجعت ثم اذن له فقبل راسه ورجليه الخ (۵/۳۷۸)

وفي المرقاة: (أ ينحني له) الإنحناء وهو إمالة الرأس والظهر تواضعا وخدمة (قال لا) اي فانه في معنى الركوع وهو كالسجود من عبادة الله تعالى۔ (۴/۷۹)

وفي مجمع البحار: ان المندوب ربما يتقلب مكروها اذا خيف ان يرفع عن رتبته۔ (ج ۲ ص ۲۴۴)۔ والله أعلم بالصواب۔

ظہیر یونس عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۶ جمادی الثانیۃ ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
سید سیف ...
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۹/ جمادی الثانیۃ ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
عبداللہ شوکر ...
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

دار الافتاء
رئیس
رئیس

26/5/12